آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

اشتہاربرائے کرایہ پر دنیے جانے ریسٹورنٹ

ہر عام و خاص کومطلع کیاجاتا ہے کہ میونسپل کارپوریشن باغ نوتعمیرشدہ لاری اڈہ اپرواقع اپنے ریسٹورنٹ کوبذیل شرائط کے مطابق کرایہ پر دینے کا خواہشمند ہے۔ خواہشمند حضرات/فرم ہا کوآگاہ کیاجاتا ہے کہ مورخہ 3 مئی 2023بروز بدھ دن 12:00 بجے بمقام دفتر میونسپل کارپوریشن باغ بولی کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ خواہشمند حضرات/فرم ہابذیل شرائط کے ساتھ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شرائط

1۔ ریسٹورنٹ عرصہ 5 سال کے کرایہ پر دیا جائے گا۔

2۔ بولی کا آغاز سرکاری بولی سے ہوگااورسب سے زائد بولی دہندہ کے حق میں ورک آرڈر جملہ شرائط کے ساتھ جاری کیاجائیگا۔

3۔ بولی میں شمولیت کے لیے ضروری ہے کہ ٹھیکیدار/بولی دہندہ لوکل گورنمنٹ بورڈ سے A کلاس رجسٹرڈ شدہ اور رواں سال کی فیس اداء کردی گئی ہو۔ بغیر رجسٹریشن کوئی شخص/فرم کمپنی بولی میں حصہ لینے کی مجاز نہ ہوگی اور نہ ہی ادارہ ٹھیکہ کی کارروائی میں شمولیت کرنے والے ٹھیکیداران کی موقع پر تجدید/نئی رجسٹریشن کریگا۔ نیز بلدیاتی ادارہ جات کے باقیداران بولی میں شرکت کے اہل نہ ہونگے۔

4۔ کال ڈیپازٹ درج بالا بنام مئیر میونسپل کارپوریشن باغ مبلغ (پانچ لاکھ روپے) ہمراہ کمپیوٹرائزاد شناختی کارڈ کی کاپی ولائسنس کی کاپی کے ہمراہ پیش کرنا ہوگی۔

5۔ ٹھیکیدار کی جمع شدہ کال ڈیپازٹ تا اختتام مدت ٹھیکیدار ادارہ کے پاس محفوظ رہے گی اور بعد اختتام مدت ٹھیکہ تحت ضابطہ واگزار کی جائے گی۔

6۔ سرکار بولی معہ جملہ ٹیکسز ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ ورک آرڈر کی اجرائیگی سے قبل 20% ایڈوانس رقم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ ایڈوانس رقم مقررہ معیاد تک جمع نہ کروانے کی صورت میں ٹھیکیدار کی کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرلی جائیگی نیز ٹھیکیدار کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ بقیہ رقم مساوی اقساط میں ٹھیکیدار ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک بمعہ رائج الوقت جملہ لاگو ٹیکسز (انکم ٹیکس TQT, KLC, ES) پیشگی ادائیگی کا پابند رہے گا۔ 10 تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں بعداز اجراء نوٹس (جن کی معیاد تین ایام پر مشتمل ہوگی) ٹھیکہ کی منسوخی کی کارروائی کی جائے گی اور جمع شدہ سیکورٹی بحق ادارہ ضبط کی جائے گی۔ جس پر ٹھیکیدار کو کوئی عذر نہ ہوگا۔ نیز کال ڈیپازٹ یا قسط کی ادائیگی بذریعہ بنک ہوگی۔ نقدی لین دین قابل قبول نہ ہوگا۔

7۔ ٹھیکیدار اور اس کے نامزد کردہ نمائندہ کی زیر نگرانی وصولی کی کارروائی کی جائیگی۔ وصولی کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی۔ ٹھیکہ کی رقومات میں کمی یا کسی آفات سماوی کی صورت میں ادارہ کسی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی ٹھیکیدار کو کسی قسم کی مراعات چھوٹ دی جائی گی۔

8۔ بولی میں حصہ لینے والے ٹھیکیداران/بولی دہندگان کی کال ڈیپازٹ آخری بولی منظور ہونے کے ساتھ ماسوائے اول، دیگر کال ڈیپازٹ واپس کردی جائیں گی۔

9۔ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری شدہ ہدایت کا ٹھیکیدار پابند رہیگا۔

10۔ ٹھیکیدار کی جانب سے کسی بھی شق/قاعدہ قانون کی خلاف ورزی ثابت ہونے کی صورت میں مجاز اتھارٹی کی منظوری سے کسی بھی وقت متعلقہ ادارہ ٹھیکہ منسوخ کرتے ہوئے محکمانہ کنٹرول حاصل کرنے کا مجاز ہوگا۔

11۔ زیردستخطی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ پیپرا رولز 33 کے تحت بولی منظور یا مسترد کردے۔

مزید معلومات کے لیے دفتر میونسپل کارپوریشن باغ کے فون نمبر 920030 - 05823920088 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

میجر (ر) عبدالقیوم بیگ
مئیر میونسپل کارپوریشن باغ۔

Scanned with CamScanner